شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

25 اگست 2023ء

پریس ریلیز

خارجہ پالیسی اور بین الاقوامی تعلقات میں

ملکی مفاد کو ترجیح دی جائے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): خارجہ پالیسی اور بین الاقوامی تعلقات میں ملکی مفاد کو ترجیح دی جائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان ایک عرصہ سے امریکہ کے گھڑے کی مچھلی رہا ہے جس کا ملک و قوم کو معاشی، سیاسی اور معاشرتی سطح پر زبردست نقصان اُٹھانا پڑا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ آج ہم نہ صرف سیاسی اور معاشی سطح پر بلکہ ملکی سلامتی کے حوالے سے بھی وینٹی لیٹر پر ہیں اور معاشرتی سطح پر مسلسل پسپائی اختیار کر رہے ہیں۔ پھر یہ کہ بین الاقوامی تعلقات اور خارجہ پالیسی کے حوالے سے ہماری حیثیت یہ ہے کہ 5 ملکی اتحاد ''برکس'' (BRICS) اپنی توسیع کے منصوبے کے تحت جن ممالک کو شمولیت کی دعوت دے رہا ہے اُن میں پاکستان کا دور دور تک نام ونشان نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ گذشتہ چند برس کے دوران ہمارے برادر مسلم ممالک کے ساتھ تعلقات بھی صرف کشکول بھروانے کی حد تک محدود ہو چکے ہیں اور اس طرزِ عمل اور رویہ نے دنیا بھر میں ہمیں رسوا کر دیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ امریکہ، چین اور روس جیسی طاقتوں کے ساتھ اپنے تعلقات کو متوازن بنایا جائے۔ پاکستان کو اپنی خارجہ پالیسی کا از سرِ نو جائزہ لینا ہوگا۔ ملکی خود مختاری کو بنیاد بنا کہ کسی ایک ملک پر انحصار کو کم کرنا ہوگا۔ ہم عالمی سطح پر اپنے تعلقات کو خود مختاری، ملکی مفاد اور اپنے اسلامی تشخص کی بنیاد پر استوار کریں گے تو تب ہی ہمیں دنیا میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 25 August 2023

"We must predicate our foreign policy and international relations on national interest."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "We must predicate our foreign policy and international relations on national interest."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer lamented that Pakistan has remained a crony of the US for a long period of time which has resulted in immense injury to the nation on the political, economic and social fronts. The fact is that today we are on a ventilator on the political and economic spheres as well as in matters related to national security, while we are in a constant state of retreat at the social level. Moreover, our status in the eyes of the world on issues of international relations and foreign policy has diminished such that the five member countries of the alliance "BRICS" have not even considered Pakistan while extending invitations to non-member countries as part of their drive to expand the alliance. The fact is that our relations with Muslim countries over the last few years, too, have been limited to extending the begging bowl and such behavior has caused enormous damage to reputation of Pakistan in the world. The Ameer asserted that it is imperative for Pakistan to reassess its foreign policy. We must reduce our dependency on any one country and pivot our policy on national interest. When we will engage in international relations on the basis of independence, national interest and our Islamic identity, only then would we be able to gain respect in the world.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan